The Baptist Tabernacle of Los Angeles

1329 South Hope Street, L.A. Civic Center

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015
Phone: (213) 744-9999
E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net
www.sermonsfortheworld.com
www.baptisttabernacle.com

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Senior Pastor

Dr. Christopher L. Cagan
Associate Pastor

دسمبر، 2018

پیارے دوست:

‘‘تمام خدشات کے خلاف’’ میری زندگی کی کہانی ہے، جو اِس سال کے اپریل میں شائع ہوئی تھی۔ جن لوگوں نے میری کتاب کی تعریف کی اُن میں ڈاکٹر بوب جونز سوئم شامل ہیں، جنہوں نے کہا کہ میں ‘‘پرانے عہد نامے کے ایک پیغمبر’’ کی مانند ہوں۔ ڈاکٹر بِل مونرو، جو کہ BBFI کے دو دفعہ کے صدر ہیں، اُنہوں نے کہا، ‘‘ہائیمرز، دورِحاضرہ کے دانی ایل ہیں۔’’ اور BBF کے بزرگ اور رولِنگز فاؤنڈیشن کے سربراہ، ڈاکٹر جان رولِنگز کے بیٹے، ڈاکٹر ہربرٹ رولِنگز نے مجھے ‘‘ایک اصلی امریکی! ایک غیب دان کہا! جس کی زندگی مسیح کے مقصد ... کو واضح طور پر دکھانے کے لیے ایک جذبے کو ظاہر کرتی ہے۔’’ مبشرِ انجیل ڈَن بوائز نے کہا، ‘‘‘تمام خدشات کے خلاف’ نا صرف مبلغین بلکہ ہر کسی کو پڑھنا چاہیے۔ ڈاکٹر ہائیمرز ہر کسی کے لیے ایک مثال ہیں ... اُن کی کہانی اِس لمحے کی ضرورت – حوصلے، وابستگی اور کردار کا خلاصہ پیش کرتی ہے۔’’

جب میں اِس طرح سے اپنے بارے میں اِن مشہور مسیحی لوگوں کی باتیں سُنتا ہوں، تو میں کبھی کبھار سوچتا ہوں یہ کیسے ہو گیا۔ میں اکثر تعجب کرتا ہوں، ‘‘میں کیسے ایسی ایک ہستی بن گیا؟’’ میری مذہبی خدمت کے بالکل شروع میں، یہاں تک کہ میری تبلیغ کی بُلاہٹ سے پہلے، خُداوند نے مجھے میری زندگی کی آیت بخش دی،

‘‘مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں’’ (فلپیوں13:4)۔

تقریباً 61 سالوں سے میں اُس وعدے کو سچا ہوتا ہوا پا چکا ہوں۔ اپنی تمام زندگی میں مَیں بے شمار چیلنجز اور رکاوٹوں کا سامنا کر چکا ہوں۔ لیکن میں ہر لڑائی جیت چکا ہوں کیونکہ میں نے ہمیشہ مکمل طور سے یسوع مسیح پر انحصار کیا تھا۔ مسیح کی وجہ سے میں نے ناقابلِ یقین رکاوٹوں پر فتح پائی اور ساری دُنیا میں لاکھوں لوگوں کے لیے ایک حوصلہ افزائی بن گیا۔ میں نے ہر ایک لڑائی جیتی کیونکہ میں کُلی طور پر یسوع مسیح پر انحصار کرتا تھا۔

یہ ‘‘بڑی’’ لڑائیوں کی محض مثالیں ہیں۔ بائبل کے بے خطا ہونے کے لیے لڑائی تھی، جس میں مجھے اپنی سیمنری میں اُن جھوٹی تعلیمات کے خلاف ڈٹے رہنا پڑا جو کلامِ پاک کی حیثیت کو نیچا دکھاتی تھیں۔ میں نے اُس جنگ کو جیتا کیونکہ میں نے مکمل طور پر مسیح پر انحصار کیا۔ پھر ‘‘مسیح کی آخری آزمائش’’ نامی اُس ہولناک گستاخانہ فلم کے خلاف لڑائی تھی، ایک فلم جس میں یسوع کو مریم مگدلینی کے ساتھ جنسی تعلق کو دکھایا گیا تھا۔ میں نے وہ لڑائی جیتی کیونکہ میں نے مکمل طور پر مسیح پر انحصار کیا تھا۔ ٹیلی ویژن اور اخبارات میں اُن ‘‘جعلی’’ خبروں نے میری یہودیوں کے خلاف ایک شخص کی حیثیت سے مذمت کی تھی۔ میں نے اُس جنگ کو جیتا، اور مکمل طور پر اُس اِلزام سے بری الذمہ قرار دیا گیا، کیونکہ میں نے یسوع مسیح اور تنہا اُسی پر انحصار کیا تھا۔ پھر اسقاط حمل کے خلاف لڑائی تھی۔ محترم جناب جان سیموئیل کیگن، جو کہ میری اسسٹنٹ ہیں، اُنہوں نے کہا، ‘‘ڈاکٹر ہائیمرز نے اسقاطِ حمل کے دو کلینکوں کو بند کروانے کے لیے ایک بھرپور جنگ میں اپنے گرجا گھر کی قیادت کی تھی۔ وہ اُس وقت تک نہیں رُکے جب تک کہ وہ دونوں کلینک ہمیشہ کے لیے بند نہیں ہو گئے۔’’ میں یسوع کے ساتھ ڈٹا رہا، اور ہم نے وہ لڑائی جیتی کیونکہ ہم نے مسیح پر انحصار کیا۔ پھر ہمارے گرجا گھر کی عمارت کو بچانے کے لیے لڑائی تھی۔ ایک بدکار اور گناہ سے بھرپور شخص نے ہمارے 320 ممبران کو اپنے ساتھ ملا لیا اور ہم نے ہمارے گرجا گھر کی عمارت کو تقریباً کھو ہی دیا تھا۔ ہم اِس لڑائی کو بھی جیتنے کے قابل ہوئے، کیونکہ ‘‘مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں۔’’

اِسی عرصے میں، جب بے شمار مبلغین دوسرے گرجا گھروں سے ممبران کو چُرانے کے ذریعے سے اپنے گرجا گھروں کو بنانے کے لیے کوشش کر رہے تھے، مجھے ویسا کبھی بھی نہیں کرنا پڑا کیونکہ میں دُنیا میں سے گمراہ لوگوں کو جیتنے کے قابل تھا۔ کیوں؟ کیونکہ ‘‘مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں۔’’ اِس وجہ سے! یہی وجہ ہے کہ تمام دُنیا میں خوشخبری کو پہنچانے کے لیے ہم اُس جنگ کو جیت پائے۔ آج 40 زبانوں میں، دُنیا کے 221 سے زیادہ ممالک میں ہماری ویب سائٹ پر 1.5 ملین لوگ میرے واعظوں کو پڑھتے ہیں – کیونکہ ‘‘مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں۔’’

محترم جناب جان کیگن نے کہا، ‘‘طویل تجربے سے ڈاکٹر ہائیمرز جانتے ہیں کہ وہ واحد یقینی بنیاد جس پر کسی کی زندگی تعمیر کی جانی چاہیے وہ ٹھوس چٹان – وہ مرد مسیح یسوع ہے۔’’

میرے بیٹے رابرٹ نے کہا، ‘‘صرف چند ایک لوگ ہی میرے ابو کو سمجھ پائے ہیں، کیونکہ وہ ایک اوسط شخص کی مانند نہیں سوچتے ہیں۔ وہ خُدا کے ساتھ چلتے ہیں۔’’ میں ہر لڑائی میں فتح پا چکا ہوں میں واحد ایک وجہ کے لیے لڑا ہوں – ‘‘مسیح جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس کی مدد سے میں سب کچھ کر سکتا ہوں۔’’ یہی وجہ ہے کہ ہمارے پاس یہ گرجا گھر ہے۔ یہی وجہ ہے، جب میں نے اُن لوگوں سے ڈٹے رہنے کے لیے کہا جنہوں نے میری تبلیغ کے تحت نجات پائی، تقریباً ہر کوئی ڈٹا رہا۔ صرف دو ہی لوگوں نے کسی اور جگہ پر نجات پائی تھی۔

ہماری ویب سائٹ چالیس زبانوں میں سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں کو
WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پیش کرتی ہے۔

میرے وفادار پارٹنر اور دوست، ڈاکٹر کرسٹوفر ایل۔ کیگن نے کہا، ''ڈاکٹر ہائیمرز وہ شخص ہیں جو لڑکھڑائے، زخمی ہوئے اور ٹوٹے، خود کو اُٹھانے کے لیے اور بہت بڑی بڑی رکاوٹوں کو عبور کرنے کے لیے کہ لوگوں کو دکھائیں کہ یسوع مسیح اُن کی بھی مدد کر سکتا ہے۔''

ڈاکٹر ایڈی پُروانٹو نے کہا، ''جب خُداوند ایک شخص کے ساتھ ہوتا ہے تو اُسے شکست نہیں دی جا سکتی۔''

ڈاکٹر رابرٹ ایل۔ سُومنر نے کہا، ''میں اُس شخص کی تعریف کرتا ہوں اور اُسے سراہاتا ہوں جو سچائی کے لیے ڈٹا رہنے پر تیار ہوتا ہے، یہاں تک کہ جب ساری مشکلات اُس کے خلاف ہوتی ہیں۔ رابرٹ لیزلی ہائیمرز، جونیئر اُسی قسم کے ایک مسیحی ہیں۔''

ڈاکٹر کینیٹ فلیوٹ نے کہا، ''ڈاکٹر ہائیمرز سب سے بہترین مبلغ تھے جنہیں ہم میں سے کسی نے کبھی سُنا ہے، ایک خالص، 'پرانے وقتوں کا شخص۔' اُن کی توجہ کا مرکز ہمیشہ سے مسیح کے پیغام [پر] رہا ہے۔''

ڈاکٹر نیل ویور نے کہا، ''ڈاکٹر ہائیمرز واحد جرأت مند شخص ہے، جو بہت مضبوط راسخ عقیدہ رکھتے ہیں، اور تمام تر مشکلات کے خلاف وہ اُن راسخ عقائد کی خاطر لڑنے کے لیے [تیار] رہتے ہیں۔''

ڈاکٹر فِل گوبل نے کہا، ''دورِ حاضرہ کی شمشیرزنی پر جانے کے لیے اِس عظیم چیمپیئین مبلغ کی پیروی کریں، اُس کی مانند، ایمان کی وہ اچھی لڑائی لڑو۔''

ڈاکٹر کرسٹوفر ایل۔ کیگن نے کہا، ''ڈاکٹر آر۔ ایل۔ ہائیمرز، جونیئر وہ شخص ہے جو تمام خدشات کے خلاف – ناممکن کو حاصل کر چکا ہے! میں جانتا ہوں، کیونکہ میں چالیس سالوں سے اُن کے ساتھ قریبی طور پر کام کر چکا ہوں۔''

آپ میری سوانح حیات ''تمام خدشات کے خلاف'' کی نقل صرف 10.00 ڈالر میں حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر سی۔ ایل۔ کیگن کو پوسٹ بکس 15308، لاس اینجلز، کیلیفورنیا 90015 کے پتے پر لکھیں۔ اپنے چیک پر ''کرسمس کا خط'' کے الفاظ لکھنے کو یقینی بنائیں اور آپ کو 10.00 ڈالر کی رعایت ملے گی۔ 10.00 ڈالر بھیجیں اور میری زندگی کی کہانی پائیں!

میں خُداوند سے دعا مانگتا ہوں کہ کرسمس کے موقعے پر آپ کو برکات سے نوازے۔ اور وہ آپ کو نئے سال پر بھی برکات سے نوازے! یسوع مسیح کی ستائش کی جائے گی!

ڈاکٹر ہائیمرز اپنی بیوی علیانہ، اپنے بیٹے رابرٹ، رابرٹ کی بیوی جِن، اور رابرٹ کی دو چھوٹی بچیوں، حنّہ اور سارہ کے ساتھ۔

یسوع کے نام میں آپ کا



آر۔ ایل۔ ہائیمرز، جونیئر،
D.Min., Th.D., Litt.D.
فلپیوں4:13

ہائیمرز کا خاندان مسز ہائیمرز کے انکل فرانسسکو کاسترو، کیرولینہ، برائینہ کے ساتھ، گوئٹے مالا سے آئے ہوئے اروِین کیولر اور اینٹونی۔

ڈاکٹر اور مسز ہائیمرز ڈاکٹر ایلمر ایل۔ ٹاؤنز کے ساتھ جنہوں نے لیبر ڈے کے ہمارے اِختتامی ہفتے میں بائبل کانفرس میں تعلیم دی۔

ہماری ویب سائٹ چالیس زبانوں میں سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں کو ***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM*** پر پیش کرتی ہے۔